SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**For immediate Release**
**July 20, 2016**

# ایس ای سی پی کی طرف سے موفاپ پر مس سیلنگ نہ کرنے اور سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد، ۲۰ جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (موفاپ) پر زور دیا ہے کہ وہ یقینی بنائے کہ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری پر چھوٹے سرمایہ کاروں سے پیشگی کمیشن تب تک وصول نہ کیا جائے جب تک انہیں قبل از وقت مکمل طور پر اس بارے میں آگاہ نہ کیا گیا ہو۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب ظفر حجازی نے یہ باتیں موفاپ کے نمائندوں سے ایک ملاقات کے دوران کیں۔ ملاقات میں متعلقہ ایس ای سی پی حکام بھی موجود تھے۔ حکومت پاکستان نے پنشن فنڈز اور میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کرنے پر ٹیکس میں بہت سے اہم فوائد دیئے ہیں۔ حکومت کا مقصد پاکستان میں کیپٹل مارکیٹ کے ذریعے بچت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے تاکہ ملکی معیشت ترقی پا سکے۔ ایس ای سی پی کے حکام نے اس امر پر مایوسی کا اظہار کیا کہ میوچل فنڈز میں چھوٹے سرمایہ کاروں کی تعداد توقعات سے بہت کم ہے۔ ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے زیر انتظام سرمایہ کاروں کے کل ڈھائی لاکھ کھاتہ جات ہیں جبکہ کچھ کمپنیوں کے پاس اکاؤنٹس کی تعداد پانچ سو سے بھی کم ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432

میوچل فنڈز انڈسٹری بہت منافع کمارہی ہے لیکن یہ اپنی شاخوں کی تعداد اور سیلز کی ٹیموں کو وسعت دینے کے لئے وسائل مختص کرنے پر آمادہ نہیں ہے جس کے باعث چھوٹے سرمایہ کاروں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو سکا ہے۔اب یہ ثابت کرنا انڈسٹری کی ذمہ داری ہے کہ وہ چھوٹے سرمایہ کاروں تک اپنا پیغام پہنچانے میں کس حد تک سنجیدہ ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432